# 17- شبہائے پشاور جلد 1

**سلیبس:** پہلی تا تیسری نشست (صفحہ 3 تا 99)

**پہلی نشست**

1۔ کیا سچے مذہب کے متلاشی کے لیے قرآنی دلائل کے ساتھ ساتھ حدیث کا جاننا بھی ضروری ہوتا ہے یا صرف قرآنی دلائل ہی کافی ہوتے ہیں؟

2۔ شیعہ سنی معتبر کتب سے ثابت کریں کہ سادات کیونکر اپنے آپ کو اولادِ رسولؐ کہتے ہیں حالانکہ انہیں اولادِ علیؑ کہنا چاہیے۔ جبکہ دستور بھی یہی ہے کہ نسل مرد سے چلتی ہے نہ کہ عورت سے؟

3۔ نماز ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کو ملا کر پڑھنے کا کیا حکم ہے۔ معتبر کتب کے حوالے بھی دیں؟

4۔ حضرت علی علیہ اسلام کی قبر مطہر کو تقریباً 150 سال تک کیوں پوشیدہ رکھا گیا؟

5۔ حضرت زید بن علی بن حسین علیہ السلام کی شہادت پر نوٹ لکھیں؟

6۔ جناب یحییٰ کی شہادت پر نوٹ لکھیں؟

7۔ حضرت علی علیہ اسلام کی قبر مطہر کے ظہور کا واقعہ بیان کریں؟

8۔ کیا امیر المومنین حضرت علی علیہ اسلام کے مدفن کے بارے میں کوئی اختلاف ہے، وضاحت کریں؟

**دوسری نشست**

1۔ اس اعتراض کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں کہ شیعہ ایک سیاسی اور نوزائیدہ مذہب ہے جس کی ایجاد عبد اللہ ابن سبا یہودی کے ہاتھوں ہوئی؟

2۔ اہل سنت کی معتبر کتب کے حوالے سے شیعہ اور حقیقت تشیع کے معنی پر روشنی ڈالیں؟

3۔ مقام تشیع کی تشریح میں آیات و روایات کی روشنی میں آپ کیسے ثابت کر سکتے ہیں کہ شیعہ ہی جنتی ہیں؟

4۔ مغلوں کے دور میں ایران میں تشیع کا ظہور اور قاضی القضاۃ کے ساتھ علامہ حلیؒ کے مناظرے کے احوال بیان کریں نیز مدرسہ سیارہ پر نوٹ لکھیں؟

5۔ سب سے پہلے ایران میں کس دور حکومت میں تمام گورنروں کو حکم دیا گیا کہ وہ ساری مسجدوں میں امیر المؤمنینؑ اور آئمہ معصومینؑ کے نام کا خطبہ پڑھیں اور یہ بھی حکم دیا گیا کہ دیناروں پر تین متوازی سطروں میں کلمہ طیبہ　لا الہ اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ کا سکہ نقش کیا جائے؟

6۔ عبد اللہ ابن سبا ملعون کے بارے میں شیعہ نکتہ نظر بیان کریں؟

7۔ یہ اعتراض کہ قرآنی نص کے مطابق سلام اور صلوۃ صرف رسولؐ خدا سے مخصوص ہے لہٰذا آئمہ معصومینؑ کے ناموں کے ساتھ بجائے رضی اللہ عنہ و رضی اللہ عنہم کہنے کے شیعہ حضرات سلام اللہ علیہم، صلوات اللہ علیہم، علیہ السلام اور علیہم اسلام کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ کیا یہ قرآن کی مخالفت اور بدعت نہیں ہے۔ اہل بدعت تو اہل ضلالت ہوتے ہیں؟

8۔ یسٰ کے معنی کی وضاحت کریں نیز یہ بھی بتائیں کہ "س" پیغمبر صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا نام مبارک ہے؟

9۔ آل یاسین سے مراد آل محمدؐ ہیں۔ وضاحت کریں؟

10۔ ثابت کریں کہ آل محمدؐ پر صلوات بھیجنا سنت ہے اور نماز کے تشہد میں واجب ہے؟

**تیسری نشست**

1۔ تواریخ میں فرقہ امامیہ شیعہ اثناعشریہ کے علاوہ شیعہ کے چار بڑے فرقوں (زیدیہ، کیسانیہ، قداحیہ اور غلات) کا ذکر موجود ہے۔ کیا یہ اب بھی موجود ہیں اور ان میں سے کون سا حق ہے؟

2۔ علماءِ شیعہ کی توحید پر لکھی جانے والی کتب کا تذکرہ کریں؟

3۔ علامہ ابن حجر مکی کی صواعق محرقہ میں درج ذیل عبارت کے بارے آپ کیا کہتے ہیں: "الفصل فی بیان کیفیتھا رای کیفیۃ خلافۃ ابی بکر روی الشیخان البخاری و مسلم فی صحیحھا اللذین ھما اصح الکتب بعد القرآن باجماع من یعتد بہ" فصل اس کی کیفیت کے بیان میں (یعنی کیفیت خلافت ابی بکر) ثنیا یعنی بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں جو باجماع امت قرآن کے بعد تمام کتابوں میں سب سے زیادہ صحیح ہیں کیونکہ امت نے ان کی قبولیت پر اجماع کیا ہے اور جس چیز پر امت کا اجماع ہو وہ قطعی ہے لہٰذا صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں جتنی حدیثیں درج کی ہیں وہ قطعی طور پر صادر ہوئی ہیں۔ لہٰذا کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت کس طرح کر سکتا ہے کہ ان دونوں کتابوں میں کفریات اور خرافات و موہومات موجود ہیں۔

4۔ کیا صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں خلاف عقل روایتیں بھی موجود ہیں، وضاحت کریں؟

5۔ رویت باری تعالیٰ کے بارے میں اہل سنت کی چند روایتوں کا تذکرہ کریں؟

6۔ کیا حضرت علی علیہ السلام کے درج ذیل فرمان سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ خدا کو دیکھا جا سکتا ہے "لَمْ اعبد ربّاً لم اره" میں ایسے خدا کی عبارت نہیں کرتا جس کو دیکھا نہ ہو؟

7۔ شرک کی دو بڑی اقسام کون سی ہیں، وضاحت کریں؟

8۔ کیا آئمہ معصومینؑ سے مدد مانگنا اور یا علیؑ مدد، یا عباسؑ مدد کہنا شرک نہیں ہے، وضاحت کریں؟

9۔ شرک کی درج ذیل اقسام پر روشنی ڈالیں:

(۱) شرک جلی (۲) شرک در ذات (۳) شرک در صفات (۴) شرک در افعال (۵) شرک در عبادات (۶) شرک خفی (۷) شرک در اسباب۔

10۔ شیعہ فقہا کی کتب شرح لمعہ اور شرائع الاسلام کی روشنی میں نذر کے بارے میں شرائط اور اس کے حکم پر روشنی ڈالیں؟

11۔ کیا اللہ کو چھوڑ کر آئمہؑ سے حاجت طلب کرنا اور ان کا وسیلہ اختیار کرنا شرک نہیں ہے، انسانی واسطے کی ہم کو کیا ضرورت ہے جب بھی خدا کی طرف توجہ کی جائے نتیجہ حاصل ہو جائے گا؟

12۔ آصف بن برخیا کے حضرت سلیمانؑ کے پاس تخت بلقیس لانے کے واقعہ کی قرآن سے وضاحت کریں؟

13۔ حدیث ثقلین کی روشنی میں عترت رسولؐ اور اہل بیت طاہرینؑ سے تمسک و توسل کے بارے میں وضاحت کریں؟

14۔ وضاحت کریں کہ آل محمدؐ فیض الٰہی کے ذریعے ہیں؟

## ماڈل پیپر نمبر 1    (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5 : کل نمبر 25)

☆ درج ذیل میں سے کوئی 6 سوالات کے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کریں:

1۔ شیعہ سنی معتبر کتب سے ثابت کریں کہ سادات کیونکر اپنے آپ کو اولاد رسولؐ کہتے ہیں حالانکہ انہیں اولاد علیؑ کہنا چاہیے۔ جبکہ دستور بھی یہی ہے کہ نسل مرد سے چلتی ہے نہ کہ عورت سے؟

2۔ نماز ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کو ملا کر پڑھنے کا کیا حکم ہے۔ معتبر کتب کے حوالے بھی دیں؟

3۔ حضرت علی علیہ اسلام کی قبر مطہر کے ظہور کا واقعہ بیان کریں؟

4۔ اہل سنت کی معتبر کتب کے حوالے سے شیعہ اور حقیقت تشیع کے معنی پر روشنی ڈالیں؟

5۔ یہ اعتراض کہ قرآنی نص کے مطابق سلام اور صلوۃ صرف رسولؐ خدا سے مخصوص ہے لہٰذا آئمہ معصومینؑ کے ناموں کے ساتھ بجائے

رضی اللہ عنہ و رضی اللہ عنہم کہنے کے شیعہ حضرات سلام اللہ علیہم ،صلوات اللہ علیہم ،علیہ السلام اور علیہم اسلام کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ کیا یہ قرآن کی مخالفت اور بدعت نہیں ہے۔ اہل بدعت تو اہل ضلالت ہوتے ہیں؟

6۔ ثابت کریں کہ آل محمدؑ پر صلوات بھیجنا سنت ہے اور نماز کے تشہد میں واجب ہے؟

7۔ علامہ ابن حجر مکی کی صواعق محرقہ میں درج ذیل عبارت کے بارے آپ کیا کہتے ہیں: "الفصل فی بیان کیفیتھا رای کیفیۃ خلافۃ ابی بکر روی الشیخان البخاری و مسلم فی صحیحما اللذین ھما اصح الکتب بعد القراٰن باجماع من یعتدبہ" فصل اس کی کیفیت کے بیان میں (یعنی کیفیت خلافت ابی بکر) شیخین یعنی بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں جو باجماع امت قرآن کے بعد تمام کتابوں میں سب سے زیادہ صحیح ہیں کیونکہ امت نے ان کی قبولیت پر اجماع کیا ہے اور جس چیز پر امت کا اجماع ہو وہ قطعی ہے لہٰذا صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں جتنی حدیثیں درج کی ہیں وہ قطعی طور پر صادر ہوئی ہیں لہٰذا کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت کس طرح کر سکتا ہے کہ ان دونوں کتابوں میں کفریات اور خرافات و موہومات موجود ہیں۔

8۔ کیا حضرت علی علیہ السلام کے درج ذیل فرمان سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ خدا کو دیکھا جا سکتا ہے "لَمۡ اعبد ربًا لم ارہ" میں ایسے خدا کی عبارت نہیں کرتا جس کو دیکھا نہ ہو؟

9۔ شرک کی درج ذیل اقسام پر روشنی ڈالیں:

(۱) شرک جلی (۲) شرک در ذات (۳) شرک در صفات (۴) شرک در افعال (۵) شرک در عبادات (۶) شرک خفی (۷) شرک در اسباب

10۔ کیا اللہ کو چھوڑ کر آئمہؑ سے حاجت طلب کرنا اور ان کا وسیلہ اختیار کرنا شرک نہیں ہے، انسانی واسطے کی ہم کو کیا ضرورت ہے جب بھی خدا کی طرف توجہ کی جائے نتیجہ حاصل ہو جائے گا؟

11۔ وضاحت کریں کہ آل محمدؑ فیض الٰہی کے ذریعے ہیں؟

## شفاهی امتحان۔Viva

☆ سلیبس میں سے کوئی 5 سوالات پوچھے جائیں گے۔

## 18- مقتل (مصائب)

**سلیبس:** مقتل کی درج ذیل معتبر کتب کی روشنی میں سوالات:

۱۔ **مقتل لهوف** مؤلفہ: سید ابن طاؤسؒ (المتوفی ۶۶۴ھ)

۲۔ **مقتل ابی مخنف و قیام مختارؒ** (جناب ابی مخنفؒ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے زمانے میں موجود تھا)

۳۔ **مقتل الحسین**علیہ السلام (از عقبہ بن سمعان صحابی حضرت سید الشہداءؑ و غلام جناب ربابؑ)

۴۔ **نفس المهموم** مؤلفہ: علامہ شیخ عباس قمیؒ مترجم: علامہ صفدر حسین نجفیؒ

۵۔ **ریاض القدس** مؤلفہ: آقائی صدر الدین قزوینیؒ مترجم: مولانا ظلِّ حسنین زیدی سرسوی

۶۔ **ریاض الاحزان** مؤلفہ: آقائی سید محمد حسن قزوینیؒ مترجم: علامہ اثیر جاڑویؒ

۷۔ **مدینہ سے مدینہ تک** تالیف آیۃ اللہ سید محمد جواد ذہبی تہرانی

۸۔ **حدیث کربلا** مؤلفہ: علامہ طالب جوہری

۹۔ **بحر المصائب** تالیف: سید امتیاز علی الحسینی الواسطی

۱۰۔ **مصائب الشیعہ** تالیف: مولانا سعادت حسین خان

## ماڈل پیپر نمبر 1　　(تحریری امتحان 20 + شفاہی امتحان 5 : کل نمبر 25)

☆ درج ذیل میں سے کوئی 10 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں (حدیث کربلا صفحہ 1 تا 9 دیکھیں)

1۔ کربلا کے قریب ترین ادوار کے لوگوں کے لیے اس واقعے کا ماخذ کیا تھا اور آج کے عہد میں کیا ہے؟

2۔ مقتل سے کیا مراد ہے اور مقتل کی کچھ اہم قدیمی کتب کا تذکرہ کریں؟

3۔ عمر بن عبدالعزیز کے زمانے تک واقعہ کربلا کے بارے میں تحریر تو دور کی بات تھی کسی میں اتنی بھی جرأت نہ تھی کہ اس واقعہ کو بیان کرے۔ پھر یہ واقعہ کیسے محفوظ رہا، کوئی دو اسباب بیان کریں؟

4۔ عصرِ عاشور میں مستقبل کی مقتل نویسی کی عمارت کون سے دو اہم واقعات پر تعمیر ہوئی بیان کریں؟

5۔ آل محمدؐ نے مقتل نویسی کے لیے مواد کس طرح فراہم کیا؟

6۔ پہلے مرحلے میں مقتل نویسی پر کیا کام ہوا؟

7۔ مقتل نویسی کے دوسرے مرحلے کے کام پر روشنی ڈالیں؟

8۔ مقتل کی دو اہم اور قدیم کتابیں مثیر الاحزان اور لھوف کے لکھنے کی وجہ تحریر کریں؟

9۔ واقعہ کربلا کے بارے میں دو اہم مجالس جن میں سے ایک اس واقعہ سے پہلے رسولؐ اللہ کی مجلس اور اور دوسری عصرِ عاشور کے وقت اہل حرم کی مجلس جب وہ لاشہ حسینؑ پر آئے۔ ان دونوں مجالس کے اثرات پر مختصر روشنی ڈالیں؟

10۔ کیا مجلس پڑھنے والے کا یہ رویہ درست ہے کہ وہ یہ کہہ کر گزر جائے کہ یہ بحر المصائب یا ریاض القدس وغیرہ کی روایت ہے۔ آپ کے نزدیک اگر یہ رویہ درست ہے تو کیوں؟ اگر درست نہیں ہے تو کیوں؟

11۔ واقعہ کربلا کی روایات کے اختلاف کے اسباب پر روشنی ڈالیں؟

12۔ متون کے مسئلے سے کیا مراد ہے وضاحت کریں؟

☆ درج ذیل میں سے کوئی 2 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں (نوٹ: مذکورہ تمام مقاتل کی کتب سے استفادہ کریں)

1۔ واقعہ کربلا کے بارے میں درج ذیل شخصیات میں سے کسی ایک کی روایت بیان کریں:

(۱) حضرت ام سلمہؓ　(۲) حضرت عائشہؓ　(۳) عبداللہ ابن عباسؓ

(۴) انس بن حارثؓ　(۵) امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام　(۶) حضرت امام حسن بن علی علیہما السلام

2۔ کتاب ''الامامۃ والسیاسۃ'' کے مطابق حضرت امام حسین علیہ السلام نے امیر شام کے خط کے جواب میں ایک خط امیر شام کو لکھا۔ اس خط کے اہم نکات بیان کریں؟

3۔ امیر شام کی وفات کے بعد والیٔ مدینہ ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کے دربار میں مروان بن حکم کی موجودگی میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی اس سے ملاقات کے احوال اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

4۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدینہ میں آخری رات کے احوال اپنے لفظوں میں بیان کریں؟

5۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کے فضائل، خصائص اور مناقب پر اپنے الفاظ میں روشنی ڈالیں؟

## شفاهی امتحان۔Viva

☆ مذکورہ سوالات میں سے کوئی دو کے بارے میں زبانی۔